
# بگ ڈیٹا تجزیہ | خوراک اوراس کا استعمال

سب سے غریب گھرانوں Q1 میں ، **18%** گھرانے گزشتہ مہینے میں کاربونیٹڈ مشروبات خریدنے کی اطلاع دیتے ہیں۔ جبکہ دوسرے آمدنی کے گروپ Q2 میں یہ شرح بڑھ کر **22%**، درمیانے یعنی تیسرے گروپ میں **28%** اور چوتھے گروپ میں **35%** تک جاپہنچی۔ سب سے امیر گھرانوں Q5 میں سے تقریباً نصف **48%** نے گزشتہ 30 دنوں میں کاربونیٹڈ مشروبات خریدنے کی اطلاع دی ۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

خوراک اور اس کا استعمال

## جب لوگ امیر ہوتے ہیں، تو وہ زیادہ چینی خریدتے ہیں ـــــ اور اس کے نتیجے میں زیادہ بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔


(اسلام آباد، 04 فروری 2026)

پاکستان میں گھریلو آمدنی کے اضافے کے ساتھ میٹھے کاربونیٹڈ مشروبات کے استعمال میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار سے یہ واضح ہوتا ہے کہ پچھلے 30 دنوں میں کاربونیٹڈ مشروبات کی خریداری میں آمدنی کی بنیاد پر ایک واضح اور مسلسل اضافہ ہوا ہے، جہاں غریب ترین طبقے سے لے کر امیر ترین طبقے میں اس کے استعمال میں بتدریج اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

سب سے غریب گھرانوں (Q1) میں، 18% گھرانے گزشتہ مہینے میں کاربونیٹڈ مشروبات خریدنے کی اطلاع دیتے ہیں۔ جبکہ دوسرے آمدنی کے گروپ (Q2) میں یہ شرح بڑھ کر 22%، درمیانے یعنی تیسرے گروپ میں 28% اور چوتھے گروپ میں 35% تک جا پہنچی۔ سب سے امیر گھرانوں (Q5) میں سے تقریباً نصف (48%) نے گزشتہ 30 دنوں میں کاربونیٹڈ مشروبات خریدنے کی اطلاع دی۔ عملی طور پر، سب سے امیر گھرانوں میں فزی ڈرنکس کا استعمال سب سے غریب گھرانوں کے مقابلے میں تقریباً تین گنا زیادہ ہے۔

یہ رجحان صرف ذائقہ یا استطاعت سے متعلق نہیں ہے۔ یہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان میں آمدنی کے بڑھنے کے ساتھ لوگوں کا رجحان چینی والی اور پروسیس شدہ خوراک کی طرف بڑھ رہا ہے۔ وہ اشیاء جو اکثر جدید زندگی کی علامت کے طور پر مارکیٹ کی جاتی ہیں/ بیچی جاتی ہیں، وہ آمدنی میں اضافے کے ساتھ زیادہ اختیار کی جا رہی ہیں، نہ کہ غذائیت کے حوالے سے بہتر آگاہی ہونے پر اُس کے استعمال میں کمی کی جا رہی ہے۔ ایک اور تکلیف دہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کا شمار دنیا کے اُن ممالک میں ہوتا ہے جہاں سب سے زیادہ ذیابیطس کے مریض ہیں، کاربونیٹڈ مشروبات کا بڑھتا ہوا رجحان عوامی صحت کے لیے سنگین خدشات کو جنم دیتا ہے۔ بڑھتی ہوئی آمدنی، میٹھے مشروبات کے استعمال میں اضافہ اور ذیابیطس کا بڑھتا ہوا خطرہ ایک ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

گھرانے میں اس کے استعمال کے اعداد و شمار صرف خرچ کے پیٹرن کو ظاہر نہیں کرتے؛ بلکہ یہ مستقبل میں بڑھتی ہوئی بیماری کے خطرے کے لیے ایک ابتدائی وارننگ سسٹم بھی ہے۔ اگر اقتصادی ترقی کے ساتھ چینی کے استعمال میں اضافہ ہوتا رہا، تو اس کا طویل مدتی اثر صحت کے نظام، گھریلو افراد اور کام کرنے والے افراد پر پڑ سکتا ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے جاری کیا گیا ہے۔ یہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کی جانب سے کیے گئے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے ڈیٹا پر مبنی ہے، جو گھریلو افراد کی پچھلے 30 دنوں میں خریدی گئی کاربونیٹڈ مشروبات کی خریداری کو رپورٹ کرتا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, 04 February 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)